# اتوار 14جون ،2026

## مضمون۔خدا محافظِ انسان

**سنہری متن: زبور103:17،18آیات**

---

’’خداوند کی شفقت اُس سے ڈرنے والوں پر ازل سے ابد تک ہے۔جو اُس کے عہد پر قائم رہتے ہیں۔اور اُس کے قوانین پر عمل کرنا یاد رکھتے ہیں۔‘‘

---

**جوابی مطالعہ: زبور9:91تا12،14آیات**

9۔پر تُو اے خداوند! میری پناہ ہے !تُو نے حق تعالیٰ کو اپنا مسکن بنالیا ہے۔

10۔ تجھ پر کوئی آفت نہ آئے گی۔اور کوئی وبا تیرے خیمہ کے نزدیک نہ پہنچے گی۔

11۔کیونکہ وہ تیری بابت اپنے فرشتوں کو حکم دے گا کہ تیری سب راہوں میں تیری حفاظت کریں۔

12۔وہ تجھے اپنے ہاتھوں پر اٹھالیں گے تاکہ ایسا نہ ہو کہ تیرے پاؤں کو پتھر سے ٹھیس لگے۔

14۔چونکہ اُس نے مجھ سے دل لگایا ہے۔اِس لئے میں اُسے چھڑاؤں گا۔میں اُسے سرفراز کروں گا۔کیونکہ اُس نے میرا نام پہچانا ہے۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب،’’سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ‘‘میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

# درسی وعظ

## بائبل میں سے

### 1۔ زبور31:23(تادوسری)،24آیات

23۔خداوند سے محبت رکھواے اُس کے سب مقدسو! خداوند ایمانداروں کو سلامت رکھتا ہے۔اور مغروروں کو
خوب ہی بدلہ دیتا ہے۔

24۔اے خداوند پر آس رکھنے والو! سب مضبوط ہو اور تمہارا دل قوی رہے۔

### 2۔ زبور25:7،8،14آیات

7۔میری جوانی کی خطاؤں اور میرے گناہوں کو یاد نہ کر۔اے خداوند! اپنی نیکی کی خاطر اپنی شفقت کے مطابق
مجھے یاد فرما۔

8۔خداوند نیک اور راست ہے۔اِس لئے وہ گنہگاروں کو راہِ حق کی تعلیم دے گا۔

14۔خداوند کے راز کو وہی جانتے ہیں جو اُس سے ڈرتے ہیں اور وہ اپنا عہد اُن کو بتائے گا۔

### 3۔ زبور46:1،2،5،10(تا)آیات

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب،" سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ"میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

1۔ خدا ہماری پناہ اور قوت ہے۔ مصیبت میں مُستعد مدد گار۔

2۔اس لئے ہم کو کچھ خوف نہیں خواہ زمین اُلٹ جائے۔اور پہاڑ سمندر کی تہہ میں ڈال دیئے جائیں۔

5۔خدا اُس میں ہے۔اُسے کبھی جُنبش نہ ہو گی۔خدا صبح سویرے اُس کی کُمک کرے گا۔

10۔خاموش ہو جاؤ اور جان لو کہ میں خدا ہوں۔ میں قوموں کے درمیان سر بلند ہوں گا۔

## 4۔ 1سلاطین 16باب 29(تا:) آیت

29۔اور شاہِ یہوداہ آسا کے اڑتیس سال سے عمری کا بیٹا اخی اب اسرائیل پر سلطنت کرنے لگا۔

## 5۔ 1سلاطین 17باب 1(تا پہلی)، 1(کہا) تا 3(تا تیسری)، 4، 7(تا دوسری)، 8، 9، 10(اور جب) تا 16(تا دوسری)، 17 تا 19، 21 تا 24 آیات

1۔اور ایلیاہ تشبی نے جو جلعاد کے پردیسیوں میں سے تھا اخی اب سے کہا کہ خُداوند اسرائیل کے خُدا کی حیات کی قسم جسکے سامنے میں کھڑا ہوں اِن برسوں میں نہ اوس پڑے گی نہ مینہ برسیگا جب تک میں نہ کہوں۔

2۔اور خداوند کا یہ کلام اُس پر نازل ہوا کہ

3۔یہاں سے چل دے اور مشرق کی طرف اپنا رُخ کر اور کریت کے نالے کے پاس جو یردن کے سامنے ہے جا چھُپ۔

4۔اور تُو اُسی نالے میں سے پینا اور میں نے کووں کو حکم کیا ہے کہ وہ تیری پرورش کریں۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

7۔اور کچھ عرصہ کے بعد وہ نالہ سوکھ گیااس لئے کہ اُس ملک میں بارش نہیں ہوئی تھی۔

8۔تب خُداوند کا یہ کلام اُس پر نازل ہوا۔

9۔کہ اٹھ اور صیدا کے صارپت کو جااور وہیں رہ۔دیکھ میں نے ایک بیوہ کو وہاں حکم دیاہے کہ تیری پرورش کرے۔

10۔سو وہ اٹھ کر صارپت کو گیااور جب وہ شہر کے پھاٹک پر پہنچاتو دیکھا کہ ایک بیوہ وہاں لکڑیاں چن رہی ہے۔سو اُس نے اُسے پکار کر کہاذرا مجھے تھوڑاسا پانی کسی برتن میں لادے کہ میں پیوں۔

11۔اور جب وہ لینے چلی تواُس نے پکار کر کہاذرااپنے ہاتھ میں ایک ٹکڑاروٹی میرے واسطے لیتی آنا۔

12۔اُس نے کہاخداوند تیرے خدا کی حیات کی قسم میرے ہاں روٹی نہیں۔صرف مُٹھی بھر آٹاایک مٹکے میں اور تھوڑاسا تیل ایک کپی میں ہے اور دیکھ میں دوایک لکڑیاں چُن رہی ہوں تاکہ گھر جاکراپنے اوراپنے بیٹے کے لئے اُسے پکاوں اور ہم اُسے کھائیں۔اور پھر مر جائیں۔

13۔اور ایلیاہ نے اُس سے کہامت ڈر۔جااور جیسا کہتی ہے کرپر پہلے میرے لئے ایک ٹکیااُس میں سے بناکر میرے پاس لے آ۔اُس کے بعد اپنے اوراپنے بیٹے کے لئے بنالینا۔

14۔کیونکہ خُداوند اسرائیل کاخُدایوں فرماتاہے کہ اُس دن تک جب تک خُداوند زمین پر مینہ نہ برسائے نہ تو آٹے کا مٹکا خالی ہوگااور نہ تیل کی کپی میں کمی ہوگی۔

15۔سواُس نے جاکر ایلیاہ کے کہنے کے مطابق کیااور یہ اور وہ اور اُسکا کنبہ بہت دنوں تک کھاتے رہے۔

16۔اور خُداوند کے کلام کے مطابق جواُس نے ایلیاہ کی معرفت فرمایاتھانہ تو آٹے کا مٹکا خالی ہُوااور نہ تیل کی کپی میں کمی ہوئی۔

17۔اُن باتوں کے بعداُس عورت کا بیٹا جواُس گھر کی مالک تھی بیمار پڑااوراُس کی بیماری ایسی سخت ہوگئی کہ اُس میں دم باقی نہ رہا۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ،آزادکی جانب سے تیار شدہ ہے۔یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پراور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب،" سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ"میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

19۔اُس نے اُس سے کہا اپنا بیٹا مجھ کو دے اور وہ اُس کو اُس کی گود سے لے کر اُس کو بالا خانہ پر جہاں وہ رہتا تھا لے گیا اور اُسے اپنے پلنگ پر لٹایا۔

20۔اور اُس نے خداوند سے فریاد کی۔

21۔اور اُس نے اپنے آپ کو تین بار اُس لڑکے پر پسار کر خداوند سے فریاد کی اور کہا اے خداوند میرے خدا میں تیری منت کرتا ہوں کہ اِس لڑکے کی جان اُس میں پھر آ جائے۔

22۔اور خداوند نے ایلیاہ کی فریاد سنی اور اُس لڑکے کی جان اُس میں پھر آ گئی اور وہ جی اٹھا۔

23۔تب ایلیاہ اُس لڑکے کو اٹھا کر بالا خانہ پر سے نیچے گھر کے اندر لے گیا اور اُسے اس کی ماں کے سپرد کیا اور ایلیاہ نے کہا دیکھ تیرا بیٹا جیتا ہے۔

24۔تب اُس عورت نے ایلیاہ سے کہا اب میں جان گئی کہ تُو مردِ خدا ہے اور خداوند کا جو کلام تیرے منہ میں ہے وہ حق ہے۔

## 6۔ زبور 121:7،8آیات

7۔خداوند ہر بلا سے تجھے محفوظ رکھے گا۔اور تیری جان کو محفوظ رکھے گا۔

8۔خداوند تیری آمد ورفت میں اب سے ہمیشہ تک تیری حفاظت کرے گا۔

## 7۔ زبور 23:1تا6آیات

1۔خداوند میرا چوپان ہے۔مجھے کمی نہ ہو گی۔

بائبل کا یہ سبق پلیین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب،" سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ"میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

2۔وہ مجھے ہری ہری چراہگاہوں میں بٹھاتا ہے۔ وہ مجھے راحت کے چشموں کے پاس لے جاتا ہے۔

3۔وہ میری جان کو بحال کرتا ہے۔ وہ مجھے اپنے نام کی خاطر صداقت کی راہوں پر لے چلتا ہے۔

4۔بلکہ خواہ موت کے سایہ کی وادی میں سے میرا گزر ہو میں کسی بلا سے نہیں ڈروں گا کیونکہ تُو میرے ساتھ ہے۔ تیرے عصااور تیری لاٹھی سے مجھے تسلی ہے۔

5۔تُو میرے دشمنوں کے روبرو میرے آگے دستر خوان بچھاتا ہے۔ تُو نے میرے سر پر تیل ملا ہے۔ میرا پیالہ لبریز ہوتا ہے۔

6۔یقیناً بھلائی اور رحمت عمر بھر میرے ساتھ ساتھ رہیں گی اور میں ہمیشہ خداوند کے گھر میں سکونت کروں گا۔

# سائنس اور صحت

## 1۔ 494:10۔11، 13(تا)۔15، 19۔24

الٰہی محبت نے ہمیشہ انسانی ضرورت کو پورا کیا ہے اور ہمیشہ پورا کرے گی۔۔۔ الٰہی محبت تمام انسانوں کے لئے ہر لمحہ سب کچھ مہیا کرتی ہے۔

فضل کا معجزہ محبت کے لئے کوئی معجزہ نہیں ہے۔۔۔ مناسب ہدایت کی گئی وجہ جسمانی حس کی غلطی کو سدھارنے کا کام کرتی ہے، لیکن جب تک انسان کی ابدی ہم آہنگی کی سائنس سائنسی ہستی کی متصل حقیقت کے ذریعے اُن

کی فریب نظری کو ختم نہیں کرتی گناہ، بیماری اور موت حقیقی ہی نظر آتے رہیں گے (جیسا کہ سوتے ہوئے خوابوں کے تجربات حقیقی دکھائی دیتے ہیں)۔

## 2۔ 16۔6:66

مشکلات بشر کو مادی عصا، ایک خستہ نرسل پر نہ جھکنا سکھاتی ہیں، جو دل میں چھید جاتا ہے۔ خوشی اور خوشحالی کی دھوپ میں ہم اس کی نیم خیالی نہیں رکھتے۔ غم صحت بخش ہیں۔ بڑی مصیبتوں کے وسیلہ ہم بادشاہت میں داخل ہوتے ہیں۔ آزمائشیں خدا کی حفاظت کا ثبوت ہیں۔ روحانی ترقی مادی امیدوں کی مٹی میں پیدا ہونے والے بیج سے نمو نہیں پاتی، بلکہ جب یہ فنا ہو جاتے ہیں، محبت نئے سرے سے روح کی بلند تر خوشیوں کو پروان چڑھاتی ہے، جس پر زمین کا کوئی داغ نہیں ہوتا۔ تجربے کا ہر کامیاب مرحلہ الٰہی اچھائی اور محبت کے نئے نظریات کو کھولتا ہے۔

## 3۔ 16۔32:261

اچھائی انسان کے ہر لمحے کا مطالبہ کرتی ہے جس میں ہستی کے مسئلے کا حل نکالنا ہوتا ہے۔ اچھائی کی تقدیس خدا پر انسان کے انحصار کو کم نہیں کرتی بلکہ اُسے بلند کرتی ہے۔ نہ ہی تقدیس خدا کے لئے انسان کے فرائض کو ختم کرتی ہے، بلکہ اُنہیں پورا کرنے کے لئے بڑی ضرورت کو ظاہر کرتی ہے۔ کرسچن سائنس خدا کی کاملیت سے کچھ نہیں لیتی، مگر پورا اجلال یہ اُسی کو منسوب کرتی ہے۔ ”اپنے چال چلن کی پرانی انسانیت“ اتارتے ہوئے انسان ”لافانیت کو پہن لیتے ہیں“۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

ہم فانی عقیدے کی کھائیوں میں غوطہ لگانے سے خدا کی تخلیق کے معیار اور فطرت کو نہیں ناپ سکتے۔ ہمیں مادے میں سچائی اور زندگی کو تلاش کرنے کے لئے ہمارے کمزور اضطراب کو الٹانا چاہئے، اور مادی حواس کی شہادت سے اونچا، فانی خیال سے خدا کے لافانی خیال تک اونچا اٹھنا چاہئے۔ یہ واضح تر اور بلند تر خیالات خدا کے بندے کو اپنی ہستی کے احاطے اور مکمل مرکز تک پہنچنے کے لئے حوصلہ افزائی دیتے ہیں۔

## 4۔ 30:102 (انسانیت)۔2

انسانیت کو یہ سیکھنا چاہئے کہ بدی کوئی طاقت نہیں ہے۔ اس کی نام نہاد جبری حکومت عدم کے سوا کچھ نہیں۔ کرسچن سائنس بدی کی سلطنت کو لوٹ لیتی ہے اور خاندانوں اسی طرح معاشرے میں امتیازی طور پر محبت اور نیکی کو فروغ دیتی ہے۔

## 5۔ 19-15:571

ہر دور اور ہر حال میں، بدی پر اچھائی کے ساتھ قابو پائیں۔ خود کو جانیں تو خدا ابدی پر فتح مندی کے لئے حکمت اور موقع فراہم کرے گا۔ محبت کے لباس میں ملبوس ہوں، تو انسانی نفرت آپ تک پہنچ نہیں سکتی۔

## 6۔ 12-7:264

بائبل کا یہ سبق پلیین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

انسانوں کو دھندلانے والی، متناہی اشکال سے آگے دیکھنا چاہئے،اگر وہ چیزوں کے حقیقی فہم کو حاصل کر سکیں۔ عقل کے ناقابلِ تلاش دائرے کے علاوہ ہم آرام کہاں دیکھ سکتے ہیں؟ ہمیں غور کرنا چاہئے کہ ہم کہاں چلتے ہیں،اور ہمیں اُس سے وہ تمام طاقتیں لیتے ہوئے عمل کرنا چاہئے جس میں ہمارا وجود ہے۔

## 7۔ 9۔4:139

ابتدا سے آخر تک، پورا کلام پاک مادے پر روح، عقل کی فتح کے واقعات سے بھرپور ہے۔ موسیٰ نے عقل کی طاقت کو اس کے ذریعے ثابت کیا جسے انسان معجزات کہتا ہے؛اسی طرح یشوع،ایلیاہ اور الیشع نے بھی کیا۔ مسیحی دور کو علامات اور عجائبات کی مدد سے بڑھایا گیا۔

## 8۔ 32۔27:387

مسیحت کی تاریخ اُس آسمانی باپ، قادرِ مطلق فہم، کے عطا کردہ معاون اثرات اور حفاظتی قوت کے شاندار ثبوتوں کو مہیا کرتی ہے جو انسان کو ایمان اور سمجھ مہیا کرتا ہے جس سے وہ خود کو بچا سکتا ہے نہ صرف آزمائش سے بلکہ جسمانی دُکھوں سے بھی۔

## 9۔ 22۔21:591

معجزہ۔ وہ جو الٰہی طور پر فطری ہو، مگر اُسے انسانی طور پر سمجھا گیا ہو؛ایک سائنسی رجحان۔

## 10۔ 8۔31:134

ایک معجزہ خدا کے قانون کو پورا کرتا ہے، لیکن اُس قانون کو توڑتا نہیں۔ یہ حقیقت خود معجزے کی نسبت زیادہ پُر اسرار لگتی ہے۔ زبور نویس نے یہ گایا: ”اِے سمندر تجھے کیا ہوا کہ تُو بھاگتا ہے؟ اے یردن! تجھے کیا ہوا کہ تو پیچھے ہٹتا ہے؟ اَے پہاڑو! تمکو کیا ہوا کہ تُم مینڈھوں کی طرح اچھلتے ہو؟ اے پہاڑیو! تمکو کیا ہوا کہ تم بھیڑ کے بچوں کی طرح کودتی ہو؟ اَے زمین تُو رب کے حضور۔ یعقوب کے خدا کے حضور تھر تھرا۔“ یہ معجزہ کوئی اختلاف متعارف نہیں کراتا، بلکہ خدا کے ناقابل تبدیل قانون کی سائنس کو قائم کرتے ہوئے بنیادی ترتیب کو واضح کرتا ہے۔

## 11۔ 16۔12:274

روح کے حواس محبت میں بستے ہیں اور وہ سچائی اور زندگی کو ظاہر کرتے ہیں۔ لٰہذہ مسیحت اور سائنس جو اِسے بیان کرتے ہیں وہ روحانی فہم پر بنیاد رکھتے ہیں اور وہ مادے کے نام نہاد قوانین پر فوقیت رکھتے ہیں۔

## 12۔ 20۔17:135

اسرائیل کے مقدس کو محدود کرتے ہوئے اور یہ پوچھتے ہوئے یہودیوں کے جرم کو دوہرانا آج خطرناک ہے کہ: ”کیا خدا بیابان میں دستر خوان بچھا سکتا ہے؟“ خدا کیا نہیں کر سکتا؟

بائبل کا یہ سبق پلینین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## 13۔ 495:28۔31

کرسچن سائنس کے الٰہی اصول پر عمل پیرا ہوں اور ثابت قدمی کے ساتھ حکمت، محبت اور سچائی پر قائم رہتے ہوئے خدا کے احکامات کی پیروی کریں۔

## 14۔ 393:8۔10 (تا دوسرا)، 12۔15

عقل جسمانی حواس کا مالک ہے، اور بیماری، گناہ اور موت کو فتح کر سکتی ہے۔۔۔ روح کی قوت میں بیدار ہوں اور وہ سب جو بھلائی جیسا نہیں اُسے مسترد کر دیں۔ خدا نے انسان کو اس قابل بنایا ہے، اور کوئی بھی چیز اُس قابل اور قوت کو بگاڑ نہیں سکتی جو الٰہی طور پر انسان کو عطا کی گئی ہے۔

## 15۔ 470:32۔5

سائنس میں خدا اور انسان، الٰہی اصول اور خیال، کے تعلقات لازوال ہیں؛ اور سائنس بھول چوک جانتی ہے نہ ہم آہنگی کی جانب واپسی، لیکن یہ الٰہی ترتیب یا روحانی قانون رکھتی ہے جس میں خدا اور جو کچھ وہ خلق کرتا ہے کامل اور ابدی ہیں، جو اس کی پوری تاریخ میں غیر متغیر رہے ہیں۔

## 16۔ 264:24۔31

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

روحانی زندگی اور برکت ہی واحد ثبوت ہیں جن کے وسیلہ ہم حقیقی وجودیت کو پہچان سکتے اور ناقابل بیان امن کو محسوس کرتے ہیں جو سب جذب کرنے والی روحانی محبت سے نکلتا ہے۔

جب ہم کرسچن سائنس میں راستہ جانتے ہیں اور انسان کی روحانی ہستی کو پہچانتے ہیں، ہم خدا کی تخلیق کو سمجھیں اور دیکھیں گے، سارا جلال زمین اور آسمان اور انسان کے لئے۔

# روزمرہ کے فرائض

منجاب میری بیکر ایڈی

## روزمرہ کی دعا

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ ہر روز یہ دعا کرے: ”تیری بادشاہی آئے؛“ الٰہی حق، زندگی اور محبت کی سلطنت مجھ میں قائم ہو، اور سب گناہ مجھ سے خارج ہو جائیں؛ اور تیرا کلام سب انسانوں کی محبت کو وافر کرے، اور اُن پر حکومت کرے۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 4۔*

## مقاصد اور اعمال کا ایک اصول

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

نہ کوئی مخالفت نہ ہی کوئی محض ذاتی وابستگی مادری چرچ کے کسی رکن کے مقاصد یا اعمال پر اثر انداز ہونے چاہئیں۔ سائنس میں، صرف الٰہی محبت حکومت کرتی ہے، اور ایک مسیحی سائنسدان گناہ کو رد کرنے سے، حقیقی بھائی چارے، خیرات پسندی اور معافی سے محبت کی شیریں آسائشوں کی عکاسی کرتا ہے۔ اس چرچ کے تمام اراکین کو سب گناہوں سے، غلط قسم کی پیشن گوئیوں، منصفیوں، مذمتوں، اصلاحوں، غلط تاثرات کو لینے اور غلط متاثر ہونے سے آزاد رہنے کے لئے روزانہ خیال رکھنا چاہئے اور دعا کرنی چاہئے۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 1۔*

# فرض کے لئے چوکسی

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ وہ ہر روز جارحانہ ذہنی آراء کے خلاف خود کو تیار رکھے، اور خدا اور اپنے قائد اور انسانوں کے لئے اپنے فرائض کو نہ کبھی بھولے اور نہ کبھی نظر انداز کرے۔ اس کے کاموں کے باعث اس کا انصاف ہوگا، وہ بے قصور یا قصوار ہوگا۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 6۔*

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔